ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز ((702

06-11-2022

بہاول پور() ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبادت نثار کی ہدایت پر مسیحی عبادت گاہوں پر ہونے والی عبادت کے حوالے سے سیکیورٹی کے سخت انتظامات، سینکڑوں پولیس افسران واہلکار ڈیوٹی پر تعینات، متعلقہ ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز نے سیکیورٹی پلان کے مطابق پولیس افسران کو چیک کیا، مسیحی برادری سمیت تمام شہریوں کی حفاظت ہمارے اولین فرائض میں شامل ہے، ڈی پی او۔

تفصیل کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کی فول پروف سیکیورٹی کی ایس او پی کے تحت ڈی پی او عبادت نثار کی ہدایت پر اتوار کے روز ہونے والے پروگرامز کے لیے مسیحی عبادت گاہوں پر سیکیورٹی کے فول پروف انتظامات کئے گئے۔ جن پر سینکڑوں کی تعداد میں پولیس افسران واہلکاران تعینات کیے گئے تھے، چھتوں پر بھی پولیس ملازمان کو تعینات کیا گیا۔ ضلع کے سرکل افسران اور ایس ایچ اوز نے جاری شدہ سیکیورٹی پلان کے مطابق ڈیوٹی پر مامور افسران و اہلکاروں کو چیک کرنے کے ساتھ ساتھ بریف کیا اور ڈیوٹی الرٹ رہ کر سرانجام دینے کی ہدایت کی۔ بعدازاں سیکیورٹی سکیننگ کے آلات کی انسٹالیشن اور ورکنگ کے ساتھ ساتھ جامعہ تلاشی کے عمل کا بھی جائزہ لیا۔ سول پارچات میں سیکیورٹی اہلکاروں کے ساتھ معاونین اداروں نے بھی اردگرد کے ماحول اور غیر متعلقہ افراد کی سرگرمیوں پر نظر رکھی۔ اس موقع پر ڈی پی او عبادت نثار نے ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ عبادت گاہوں میں بھی ایس او پیز پر عملدرآمد کو یقینی بنائیں، ایسے مقامات کی سیکیورٹی اور امن و امان کی صورتحال کو برقرار رکھنا نہایت ضروری ہے، مسیحی برادری سمیت تمام شہریوں کی حفاظت ہمارے اولین فرائض میں شامل ہے۔

ترجمان بہاولپور پولیس

بہاولپور: پولیس کے افسران اور جوان مسیحی عبادت گاہوں پر سکیورٹی ڈیوٹی سرانجام دیتے ہوئے۔

ڈسٹرکٹ پولیس آفس /شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز ((703

06.11.2022

بہاول پور))ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبادت نثار کی ہدایت پر بہاولپور پولیس کی سماج دشمن عناصر کے خلاف کارروائیاں،ضلعی پولیس نے رواں ماہ نومبر میں مختلف کارروائیاں کرتے ہوئے 41 ملزمان کو گرفتار کر کے 03 کلو سے زائد چرس 1500 لیٹر سے زائد شراب ولہن معہ 07 چالو بھٹیاں،09 عدد پسٹل 30 بور اور رائفل 44 بور برآمد،مقدمات درج۔معاشرتی امن کو برقرار رکھنے کے لیے تمام دستیاب وسائل کو بروئے کار لایا جارہا ہے۔ڈی پی او عبادت نثار

تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کے وژن کے مطابق ڈی پی او عبادت نثار کی ہدایت پر بہاول پور پولیس سماج دشمن عناصر کے خلاف کارروائیاں جاری رکھے ہوئے ہے۔بہاول پور پولیس نے جرائم کی سرکوبی کے لیے دن رات اور جانفشانی سے کام کرتے ہوئے رواں ماہ نومبر میں سماج دشمن عناصر کے خلاف مختلف کاروائیوں میں 41 ملزمان کو گرفتار کر کے پابند سلاسل کیا ۔ منشیات فروشوں کے خلاف کارروائیاں کے دوران 07 ملزمان سے 03 کلو 704 گرام سے زائد چرس، 1202 لیٹر دیسی شراب ، 300 لیٹر لہن اور 07 چالو بھٹیاں برآمد کرلیں۔غیر قانونی اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے ملزمان سے 09 عدد پسٹل 30 بور، 01 عدد رائفل 44 بور اور درجنوں روند برآمد کر لیے۔اسی طرح قحبہ خانہ کے خلاف کاروائی میں 03 ملزمان کو گرفتار کر کے پابند سلاسل کیا۔ پولیس نے ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج بھی کر لیے۔ڈی پی او نے ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ کمیونٹی پولیسنگ اور سروسز کے ساتھ ساتھ پولیس کی اولین ڈیوٹی جرائم کا خاتمہ بھی ہے اور بہاول پور کو کرائم فری و پرامن بنانے کے لیے دستیاب وسائل کو بروئے کار لایا جارہا ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ آپ عوام کی خدمت اورحفاظت کو اولین فرض سمجھ کر نبھائیں، میں ہر قدم پر اپنی فورس، بہاول پور کی عوام کے ساتھ شانہ بشانہ ہوں۔

ترجمان بہاولپور پولیس

بہاول پور() پولیس نے رواں ماہ میں سماج دشمن عناصر کے خلاف مختلف کاروائیاں، 41 ملزمان گرفتار کر کے بھاری مقدار میں منشیات اور غیر قانونی اسلحہ برآمد کرلیا،مقدمات درج۔